سوال

(365)کچھ نمازوں میں قراءت جہری ہے اور کچھ میں نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب عشاء اور صبح کی نمازوں میں قراءت جہری کیوں ہے اور دوسری نمازوں میں کیوں نہیں اور اس کی دلیل کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان نمازوں میں قراءت جہری کرنے میں جو حکمت ہے ۔ اسے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے ۔ بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ لوگ رات اور صبح کی جہری نمازوں کے اوقات میں ظہر وعصر کی نسبت جہری قراءت سے استفادہ کے زیادہ قریب ہوتے ہیں ۔ کیونکہ ان اوقات میں ان کے مشاغل بھی نسبتاً کم ہوتے ہیں ۔ واللہ اعلم (شیخ ابن بازؒ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 341

محدث فتویٰ